# 1-خاندان





عافیہ : دادا جی !اس تصویر میں جن کا قد اونچا ہے وہ کون ہیں؟

دادا جی: آپ کے والد مرزا ہیں۔

عافیہ : وہ کون ہیں جو شرٹ شلوار پہنی ہوئی ہیں؟

دادا جی: آپ نے اُنہیں پہچانا نہیں؟ یہ آپ کی پھوپی ہیں۔

عافیہ: کیا اِدھر کھڑے ہوئے چاچا اکبر ہیں؟

دادا جی: ہاں آپ نے بالکل صحیح پہچانا۔

عافیہ : خلیل چاچا اب کہاں ہیں؟

دادا جی: وہ حیدر آباد میں ہیں۔

عافیہ : دادا جی، وہ حیدر آباد میں کیوں رہ رہے ہیں؟

دادا جی: وہ وہاں نوکری کرتے ہیں۔



**آپ کے خاندان میں کون کون ہیں**

........................................

........................................

........................................


........................................

........................................

........................................

........................................

........................................



© SCERT
not to be republished



یہ درسی کتاب حکومت آندھرا پردیش کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے

عام طور پر خاندان میں ماں باپ، دادا دادی اور بچے ہوتے ہیں۔ ملازمت تعلیم یا دیگر وجوہات کی بناء پر خاندان کے چند افراد دوسرے مقامات پر رہتے ہیں تمام خاندان ایک جیسے نہیں ہوتے۔ بعض خاندانوں میں صرف ماں باپ اور بچے ہی ہوتے ہیں اور بعض خاندانوں میں ان کے ساتھ ساتھ دادا دادی جیسے بزرگ افراد بھی رہا کرتے ہیں۔

آیئے معلوم کریں عافیہ کے خاندان میں کون کون رہتے ہیں! عافیہ کے دادا کا نام منور اور دادی کا نام شبانہ ہے۔ عافیہ کے دادا کو دو لڑکے اور ایک لڑکی ہے۔






## ذیل کی تصویر دیکھئے۔

منور / شبانہ



افسر نکہت قمر احمد صبیحہ مرزا



زبیدہ بشیر فرحان نورین عافیہ

## کس کا رشتہ کیا ہے لکھئے۔


۱۔ مرزا رشتہ میں شبانہ کا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوتا ہے۔ ۲۔ قمر رشتہ میں منور کی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوتی ہے۔

۳۔ فرحان رشتہ میں مرزا کا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوتا ہے۔ ۴۔ زبیدہ رشتہ میں منور کی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوتی ہے۔

۵۔ نورین رشتہ میں نکہت کی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوتی ہے۔ ۶۔ عافیہ رشتہ میں مرزا کی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوتی ہے۔

۷۔ عافیہ رشتہ میں فرحان کی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوتی ہے۔ ۸۔ بشیر رشتہ میں زبیدہ کا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوتا ہے۔

۹۔ مرزا رشتہ میں فرحان کے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوتے ہیں۔ ۱۰۔ افسر رشتہ میں نکہت کا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوتا ہے۔






یہ درسی کتاب حکومت آندھرا پردیش کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے



© SCERT not to be republished

عافیہ کے ماں باپ دادا، دادی کے نام آپ جان چکے ہیں۔آپ بھی اپنے دادا دادی، ماں باپ اور دیگر افراد خاندان کے نام لکھئے۔





مندرجہ بالا طریقہ پر افراد خاندان، اوران کے آبا واجداد کی تفصیلات لکھی ہوئی فہرست کو ''خاندانی شجرہ'' کہتے ہیں۔

## مشابہت :



عافیہ کی چاچی کو لڑکی پیدا ہوئی۔تمام رشتے دار اُسے دیکھنے آئے انہوں نے کہا کہ لڑکی ہو بہو ماں کی طرح ہے۔

وہ کس بنا پر کہہ پائے کہ لڑکی ہو بہو اپنی ماں کی طرح ہے؟



© SCERT not to be republished

## آپ کے افراد خاندان میں کس کی شباہت آپ میں پائی جاتی ہے جدول میں لکھئے۔



| حصہ | کس کی مشابہہ |
|---|---|
| ناک | |
| آنکھ | |
| کان | |
| چلن | |
| ہنسی | |
| رنگ | |

© SCERT not to be republished

عام طور پر خاندان کے بچوں میں، ماں باپ، نانا' نانی، دادا' دادی، پھوپی، ماموں کی شباہت پائی جاتی ہے اور بعض میں کسی کی بھی شباہت نہیں پائی جاتی۔

## کیا سب کے چہرے ایک جیسے ہوتے ہیں ؟



ذیل میں دیئے گئے، عامر، شاکر، جلیل، شاہد کے چہرے دیکھئے وہ کیسے ہیں بتایئے؟ آپ کی جماعت میں کس کے چہرے ان چہروں سے مشابہت رکھتے ہیں؟ غور سے دیکھئے اُن کے نام لکھئے ؟



شاہد




جلیل



شاکر



عامر



آپ یہ جان چکے ہیں کہ سب کے چہرے ایک جیسے نہیں ہوتے!

## خاندانی پس منظر :

عافیہ کے والد اُسے اسکول میں شریک کرواتے وقت اُس کا نام پالمور عافیہ درج کروایا۔صدر مدرس نے عافیہ کے والد سے پوچھا عافیہ کے نام کے ساتھ ''پالمور'' کیوں جڑا ہے؟ تو عافیہ کے والد نے جواب دیا ہمارے آبا و اجداد پالمور سے یہاں منتقل ہوئے تھے اسی لئے یہ نام رکھا گیا ہے۔

عافیہ کے دادا گاؤں میں رہنے والے سبھی افراد کی اکثر مدد کرتے رہتے ہیں۔اسی لئے سب ان کی عزت کرتے ہیں ان کی وجہ سے پورے خاندان کو اچھا نام حاصل ہوا۔عافیہ کے والد کپڑوں کا کاروبار کرتے ہیں انھیں بھی اطراف و اکناف کے دیہاتوں میں اچھے بیوپاری کے طور پر جانا جاتا ہے۔اب آپ عافیہ کے خاندانی نام دادا،والد کے خاندان کا پس منظر جان چکے ہو!



آپکے خاندانی پس منظر سے متعلق اپنے بڑوں سے گفتگو کر کے معلومات حاصل کیجئے۔

اور اپنی جماعت میں موجود بچوں کے خاندانی نام کس بنا پر رکھے گئے معلوم کیجئے۔


## مختلف قسم کے خاندان :

میرا نام حسینہ ہے ہمارے گھر میں والد و والدہ، بھائی کے ساتھ ساتھ دادا اور دادی بھی رہتے ہیں۔





میرا نام ڈیوڈ ہے ہمارے گھر میں میں،میری ماں، میرے والد اور بہن رہتے ہیں۔





**میرا نام شیوا ہے ہمارے گھر میں ماں باپ دادا، دادی، تایا، تائی، چاچا چاچی، بہنیں اور بھائی رہتے ہیں۔**


☆ آپ نے تصویریں دیکھیں! بتائیے کس کے گھر میں زیادہ افراد رہتے ہیں؟ کس کے گھر میں کم افراد رہتے ہیں؟

☆ کس کس کے گھر میں ضعیف افراد رہتے ہیں؟

☆ ڈیوڈ، حسینہ اور شیوا، ان تینوں کے خاندان میں کیا فرق ہے؟

☆ آپ کا خاندان کس قسم کا ہے؟

☆ آپ کے افراد خاندان میں کس کو کس طرح مخاطب کیا جاتا ہے کہئے اور لکھئے؟





یہ درسی کتاب حکومت آندھرا پردیش کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے



## کھیلیں گے !



☆ آپ تمام دائرے میں کھڑے رہیں۔

☆ کسی ایک کی آنکھوں پر پٹی باندھیں۔

☆ جس آنکھ پر پٹی بندھی ہوئی ہے وہ دیگر بچوں کو چھوکر اُن کی شناخت کرے۔

☆ صحیح شناخت کر پانے پر آنکھ سے پٹی کھول دیں۔

☆ اس طرح فرداً فرداً آنکھ پر پٹی باندھتے ہوئے کھیل جاری رکھیں۔

☆ آنکھوں پر پٹی باندھنے سے کیا سب کی شناخت ہو پاتی ہے یا نہیں، کیوں؟


**کیا آپ جانتے ہیں ؟**



اندھے لوگوں کے پڑھنے کے لئے
رسم الخط بریل کا استعمال کرتے ہیں
اس رسم الخط کے موجد لوئس بریل ہے

### ضعیف، خصوصی ضروریات کے حامل بچے :

مندرجہ بالا کھیل میں جن بچوں کی آنکھ پر پٹی بندھی ہوئی تھی وہ بچے سب کی شناخت نہیں کر پائے۔ غور کیجئے! جن کی آنکھیں ہی نہیں ہوتیں وہ روزمرہ کے اپنے کام کیسے انجام دیتے ہیں۔۔۔۔





یہ درسی کتاب حکومت آندھرا پردیش کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے

اسی طرح چندلوگوں کے کان صحیح سنائی نہیں دیتے ۔ بعض بچے صحیح طور پر بات نہیں کر سکتے ۔ بعض صحیح طور پر چل نہیں سکتے ۔ بعض دیکھ نہیں سکتے ۔ اس طرح کے افراد کو کس طرح کی تکلیفیں پیش آتی ہوں گی ۔ ایسے افراد کی مدد کس طرح کی جائے ۔ غور کیجئے ۔ کہیے :

## ذیل کی تصویر دیکھئے ۔



> کیا آپ جانتے ہیں ؟
>
> 
>
> ہر سال اکٹوبر کی پہلی تاریخ کو دُنیا بھر میں 'یوم معمرین' منایا جاتا ہے

☆ تصویر میں کون کون ہیں ؟


☆ یہ لوگ کون کونسے کام کرنے میں تکلیف محسوس کرتے ہیں ؟

☆ ہمیں ان کی مدد کس طرح کرنی چاہیئے ؟

☆ کیا آپ نے کبھی ایسے افراد کی مدد کی ہے؟ کس قسم کی مدد کی ہے؟

اندھے جسمانی معذور، گونگے ، بہرے افراد کو ضروری مدد فراہم کرنا چاہیئے ۔ گونگے افراد اپنی گفتگو اشاروں سے کرتے ہیں ۔ بہرے افراد کانوں میں آلہ رکھ کر، اندھے افراد ہاتھوں میں لاٹھی لے کر، جس کے ذریعہ معلومات حاصل کرتے ہیں ۔ اُسی طرح ضعیف افراد بھی بہت سے کام از خود نہیں کر سکتے ۔ اُن کی ضروریات کی تکمیل کے لئے اُن کو ضروری مدد فراہم کرنی چاہیئے ۔

اُسی طرح بعض بچے ، بوڑھے صحت کی خرابی یا حادثات سے دوچار ہونے کی وجہ سے اپنے کام آپ نہیں کر سکتے ۔ ایسے افراد کے لئے ہم کو ضروری مدد فراہم کرنی چاہیئے ۔



# اہم الفاظ

1۔ خاندان
2۔ افرادخاندان
3۔ مشابہت
4۔ خاندانی شجرہ
5۔ بریل رسم الخط
6۔ خاندانی پس منظر
7۔ خاندانی نام
8۔ یوم معمرین
9۔ ضعیف
10۔ آباواجداد
11۔ رشتہ دار
12۔ خصوصی مراعات کے مستحق بچے

## ہم نے کیا سیکھا

☆ عام طور پر خاندان میں ماں باپ دادادادی اور بچے ہوتے ہیں۔
☆ اسی طرح ایک خاندان میں مل کر رہنے والوں کو افرادِ خاندان کہتے ہیں۔
☆ ماں باپ، دادادادی اُن کے آباواجداد کی تفصیلات خاندانی شجرے میں واضح ہوتی ہے۔
☆ خاندان کے بچوں میں افرادخاندان، رشتہ داروں کی شباہت پائی جاتی ہے۔
☆ سب کے چہرے ایک جیسے نہیں ہوتے۔
☆ ہر خاندان کا ایک پس منظر ہوتا ہے، جسے خاندانی پس منظر کہتے ہیں۔
☆ ضعیف اور خصوصی مراعات کے مستحق بچوں کو درکار مدد فراہم کرنا چاہئے۔

© SCERT not to be republished

یہ کیجئے :




## تصورات کی تفہیم :

1 خاندان سے کیا مراد ہے؟ آپ کے خاندان میں کون کون ہیں۔

2 عباس عادل آباد میں رہتا ہے۔ وہ جماعت سوم کا طالب علم ہے۔ اس کی ماں جمیلہ گھر میں ہی رہ کر کام کرتی ہے۔ عباس اور اُسکا بھائی دونوں مل کر چھٹیوں میں انکے ماموں امجد کے گھر گئے جہاں پھوپی رضیہ، نانا اِسمٰعیل، نانی حمیدہ رہتے ہیں۔ عباس نے اپنی ماموں زاد بہن شازیہ اور بھائی واجد کے ساتھ مل کر کئی کھیل کھیلے۔

| نام | عباس سے رشتہ |
| --- | --- |
| غوث | بھائی |
| جمیلہ | --------------- |
| حمیدہ | --------------- |
| امجد | --------------- |
| رضیہ | --------------- |
| واجد | --------------- |






یہ درسی کتاب حکومت آندھراپردیش کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے

3 آپ کا خاندانی نام کیا ہے؟ اور یہ نام کیوں رکھا گیا، معلوم کر کے بتائیے ؟


4 خصوصی مراعات کے مستحق بچوں کی مدد کس طرح کریں گے؟

(الف) اندھوں کے لیے کی جانے والی مدد

(ب) بہروں کے لئے کی جانے والی مدد

(ج) گونگوں کے لئے کی جانے والی مدد

(د) لنگڑوں کے لئے کی جانے والی مدد



## معلومات اکٹھا کرنے کی مہارتیں ۔ منصوبہ کام

1 آپ کے دوستوں کے گھروں میں کون کون رہتے ہیں معلوم کیجئے اور ذیل کے جدول کی خانہ پری کیجئے۔

| دوست کا نام | افرادخاندان | افرادخاندان کی تعداد |
|---|---|---|
| مثال : 1) عامر | ماں، باپ، دادا، چھوٹی بہن، بڑی بہن، عامر | |
| 2) | | |
| 3) | | |
| 4) | | |
| 5) | | |
| 6) | | |
| 7) | | |
| 8) | | |
| 9) | | |


### مندرجہ بالا جدول کی بنیاد پر جوابات دیجئے۔

☆ کس کے گھر میں زیادہ افراد رہتے ہیں ؟

☆ کس کے گھر میں کم افراد رہتے ہیں؟

☆ کس کس کے گھر میں ضعیف لوگ رہتے ہیں؟

2 آپ کے خاندانی شجرہ میں موجود افراد کی تصاویر اکٹھا کر کے البم تیار کیجئے۔ اُسے اپنی جماعت میں آویزاں کر کے ایک ایک فرد کے متعلق بتائیے۔




© SCERT not to be republished

## تصویراُتارکررنگ بھریئے۔

1 گول،کھڑے چہرے والے دو دوستوں کی تصاویراُتارکر،نام لکھئے۔







### توصیف :

1 اندھےلنگڑوں کی مدد کیوں کرنی چاہیئے؟ آپ کس طرح ان کی مدد کروگے؟


2 آپ کے خاندان کی تاریخ،خصوصیات کیا ہیں؟معلوم کرکے بتائیے۔



### سوال کیجئے ۔


1 عافیہ اپنے دادا کے ہاں گئی۔وہ چاہتی تھی کہ اپنے خاندانی شجرے کے بارے میں جانے،اس کے لیے اُس نے دادا سے مختلف سوال کیے۔عافیہ نے خاندانی شجرے سے متعلق کون کون سے سوالات کیے ہونگے ؟ اُس کے دادا نے کیا کہا جوابات دیئے ہونگے ؟ اگر آپ کو اپنے خاندان کا نام معلوم کرنا ہو تو کس طرح کے سوالات پوچھیں گے؟





### کیا میں یہ کرسکتا/کرسکتی ہوں؟

| | | |
|---|---|---|
| 1 | خاندان کسے کہتے ہیں وضاحت کرسکتا ہوں | ہاں/نہیں |
| 2 | افرادخاندان کے درمیان رشتہ بتلاسکتا ہوں | ہاں/نہیں |
| 3 | خاندانی شجرہ اُتارسکتا ہوں خاندانی تعریف بیان کرسکتا ہوں | ہاں/نہیں |
| 4 | افرادخاندان سے متعلق معلومات جدول میں لکھ سکتا ہوں | ہاں/نہیں |
| 5 | ضعیف،خصوصی مراعات کے مستحق بچوں کیلئے درکار مدد کرسکتا ہوں | ہاں/نہیں |
| 6 | خاندانی پس منظر،خاندانی شجرے سے متعلق سوالات کرسکتا ہوں | ہاں/نہیں |



© SCERT not to be republished



یہ درسی کتاب حکومت آندھراپردیش کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے